جوڑوں کے درد کی دوائی۔ سلفاسیلازین : SULFASALAZINE

مجھے یہ دوائی کیوں دی جا رہی ہے؟

(SULFASALAZINE) جوڑوں کے درد کی مختلف بیماریوں جیسے RHEUMATOID ARTHRITIS اور PSORIATIC ARTHRITIS کو بڑھنے سے روکتی ہے۔ یہ دوائی آپ کے جوڑوں کی درد، سوجن اور اکڑاہٹ کم کرتی ہے۔ یہ دوائی عام طور پر SULFASALAZINE EN کے طور پر دی جاتی ہے۔ اس دوائی کی ساخت ایسی ہے کہ معدہ میں جا کر جلدی نہیں گھلتی۔

میں یہ دوائی کیسے استعمال کروں؟

یہ گولی ایک گلاس پانی کے ساتھ لینی چاہیے۔ اِس دوائی کو پیسنے اور چبانے کی ضرورت نہیں بلکہ پوری نگل لیں۔

کتنی خوراک لینی چاہیے؟

آپکا ڈاکٹر آپ کو بتائے گا۔ عام طور پر یہ دوائی کم خوراک جیسے 500mg یعنی ایک گولی روزانہ کے طور پر شروع کی جاتی ہے اور پھر آپ کا ڈاکٹر حسبِ ضرورت خوراک بڑھا سکتا ہے۔ اور یہ خوراک رفتہ رفتہ چار ہفتوں میں بڑھائی جاتی ہے۔ عام طور پر یہ خوراک 1g یعنی دو گولیاں صبح شام لی جاتی ہیں۔

یہ دوائی اثر کرنے میں کتنا وقت لے گی؟

یہ دوائی فوراً اثر نہیں کرتی اور اِس کے مفید اثرات عموماً بارہ ہفتوں تک ظاہر ہوتے ہیں۔

مضر اثرات کیا ہو سکتے ہیں؟

عام طور پر مضر اثرات متلی، دست، پیٹ کا درد، چکر، سر درد اور (RASH) ہو سکتے ہیں۔ یہ مضر اثرات علاج کے پہلے تین مہینوں میں ہوتے ہیں۔ بعض اوقات یہ دوائی خون کے خلیوں پر بھی اثر کر سکتی ہے۔ یعنی خون کے خلیے کم مقدار میں بنتے ہیں۔ اگر آپ کا گلہ خراب ہو یا بخار ہو، بلا وجہ خون کا اخراج ہو یا جسم پر دھبے پڑ جائیں تو فوراً اپنے ڈاکٹر یا جوڑوں کے درد کی ماہر نرس سے رابطہ کرنا چاہیے۔ البتہ اگر دوائی کی خوراک کم کر دی جائے تو مضر اثرات غائب ہو سکتے ہیں۔

یہ دوائی آپ کے پیشاب کے رنگ کو نارنجی رنگ میں تبدیل کر سکتی ہے لیکن اس میں کوئی پریشانی کی کوئی بات نہیں۔

علاوہ ازیں یہ دوائی CONTACT LENSES کے رنگ کو بھی پیلا کر سکتی ہے۔

اگر میں یہ دوائی استعمال کروں تو کوئی خاص ٹیسٹ کروانے پڑیں گے؟

چونکہ یہ دوائی خون اور جگر پر اثر کرتی ہے اس لئے خون کے متواتر ٹیسٹ کروانے پڑیں گے۔ آپکا ڈاکٹر یہ دوائی شروع کرنے سے پہلے اور دورانِ علاج بھی متواتر خون کے ٹیسٹ کرواتا رہے گا۔ آپ کو ان سب ٹیسٹ کا ریکارڈ رکھنا چاہیے۔ جب بھی اپنے ڈاکٹر یا ہسپتال جائیں تو یہ ساتھ لے کر جائیں۔

اگر آپ متواتر ٹیسٹ نہیں کروا رہے تو یہ دوائی نہیں لینی چاہیے۔

کیا دوسری دوائیاں بھی اس دوائی کے ساتھ استعمال کر سکتا ہوں؟

جب بھی آپ کوئی نئی دوائی لیں یا کوئی ڈاکٹر آپ کو نئی دوائی شروع کروائے تو آپ کو اُسے اِس دوائی کے بارے میں ضرور آگاہ کرنا چاہیے۔ SULFASALAZINE درد کی دوائی نہیں ہے اِس لئے اگر آپ درد کی دوائی جیسے NSAIDs لے رہے ہیں تو وہ جاری رکھیں جب تک کہ آپ کو استعمال کرنے سے روکا نہ جائے۔

کوئی بھی دوائی جو بازار سے عام دستیاب ہو وہ اپنے ڈاکٹر، جوڑوں کی درد کی نرس یا دواساز کے مشورہ کے بغیر نہ استعمال کریں۔

کیا میں شراب پینا جاری رکھ سکتا ہوں؟

اگر آپ یہ دوائی استعمال کر رہے ہیں تو شراب سے اجتناب کرنے کی کوئی خاص وجہ نہیں ہے۔

کیا یہ دوائی FERTILITY OR PREGNANCY حمل اور انسان کی افزائِش نسل کی صلاحیت پر اثر کرتی ہے؟

EN ULFASALAZINE مرد کے SPERM کو کم کر سکتی ہے جس سے عارضی طور پر مرد کی نسل چلانے کی صلاحیت کم ہو سکتی ہے لیکن اگر دوا روک دی جائے تو یہ صحیح ہو جاتی ہے۔

اور بچہ کو دودھ پلایا جا سکتا ہے؟

اگر آپ یہ دوائی استعمال کرنے کے دوران اپنا دودھ بچہ کو پلانا چاہتی ہیں تو اپنے ڈاکٹر سے مشورہ کریں۔

مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں؟

اگر آپ اِس دوائی کے بارے میں مزید معلومات چاہتے ہیں یا علاج کے بارے میں فکرمند ہیں تو اپنے ڈاکٹر، جوڑوں کے درد کی ماہر نرس یا دواساز سے رابطہ کریں۔

تما دوائیں بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں